# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 جماعت:سوم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** الفاظ کے آخری حروف کو استعمال کر کے نئے الفاظ بنا سکیں۔

معمے میں سے الفاظ تلاش کر کے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر /چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ اسٹکی نوٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم اپنے اپنے ناموں کے آخری حروف سے نئے الفاظ بنانے کی سرگرمی کریں گے۔
- اس کام کو مکمل کرنے کے لیے جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا لیں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ ایک گروہ کے بچے دوسرے گروہ کے بچوں کے ناموں کے حروف الگ الگ کر کے بورڈ پر لکھیں۔
- جب کہ دوسرا گروہ ان حروف کو جوڑ کر ان کے الفاظ یعنی بچوں کے نام مکمل کرے اور ان ناموں کے آخری حروف سے کوئی نیا نام یا لفظ بنا کر بورڈ پر لکھے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے دوسرے گروہ سے بھی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اپنے سبق میں بھی الفاظ کے آخری حروف سے بننے والے نئے الفاظ لکھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 5 پر موجود سوال نمبر 6 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر تین کالم بنائیں۔
- ایک کالم میں "الفاظ" دوسرے میں "حروف" اور تیسرے میں "نئے الفاظ" کے عنوان لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب پر موجود تمام الفاظ لکھیں۔
- اب بچوں سے باری باری ہر لفظ کے بارے میں پوچھیں کہ اس لفظ کا آخری حرف کون سا ہے؟
- جو بچے جواب دیں ان سے الفاظ کے آخری حرف بورڈ پر لکھوانے کے ساتھ حرف سے بننے والا نیا لفظ بنوا کر بورڈ پر لکھوائیں۔
- اسی طرح یہ مشق باقی الفاظ پر بھی کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان الفاظ کا درست تلفظ بھی پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کروائیں۔
- سوال نمبر 6 کی سرگرمی کتاب پر مکمل کروائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر موجود سوال نمبر 7 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے آج ہم معمے میں سے دیے گئے الفاظ تلاش کریں گے۔
- ان الفاظ کی پرچیاں بنا کر ایک ٹوکری میں ڈال لیں۔
- ان پرچیوں پر الفاظ "زمین، آسمان۔ مراد، دعا اور چاند" لکھے ہوں۔
- جماعت کے بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک شیٹ دیں، جن پر سوال نمبر 7 میں دیا گیا معما لکھا ہو۔



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| د | ب | ظ | ط | ض | چ |
| ع | ز | م | ی | ن | ا |
| ا | پ | ٹ | ص | ج | ن |
| ش | م | ر | ا | د | د |
| آ | س | م | ا | ن | ش |

- بچوں کے سامنے باری باری ٹوکری کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جن الفاظ کی پرچیاں آئی ہیں وہ الفاظ شیٹ پر بنے ہوئے معمے میں سے تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر معما بنا دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے بچے کو بلا کر معمے میں اس لفظ کے گرد دائرہ لگوائیں جن کی پرچی ان کے پاس آئی ہو گی۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- آخر میں جیتنے والے گروہ کو بہترین الفاظ ساز کے اعزازی کارڈ دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتابیں کھولیں اور سوال نمبر 7 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں ان کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے آخری حروف سے نئے الفاظ بنوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 2 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | | سبق کا نام: حمد | |


**مقاصد:**

نظم پڑھ کر نظم کی تفہیم کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ اسٹکی نوٹ، لفظی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے چند الفاظ کی پرچیاں بنائیں اور ایک جار میں بند کر کے رکھ دیں۔
- میز پر ایک جار میں آئس کریم اسٹکس رکھیں، جن میں نمبر ایک تا دس لکھے ہوئے ہوں۔
- جماعت میں سے کسی بچے کو بلائیں، اسے کہیں کہ وہ جار میں سے ایک اسٹک اٹھائے اور اس پر لکھے ہوئے نمبر کو پڑھے۔
- اب جار میں سے اس نمبر کی پرچی نکالے اور اس پر لکھے ہوئے لفظ کو پڑھے اور اس کے آخری حرف سے نیا لفظ بنا کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے چند اور بچوں سے کروائیں۔ اس سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

اگلی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 6 کے سوال نمبر 8 پر موجود نظم کی پڑھائی کروانے اور اس کی تفہیم کے لیے استاد تمام بچوں کو اپنی طرف متوجہ کریں۔

- ایک بار سبق میں موجود نظم کی بلند خوانی خود کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- مشکل الفاظ کی ساتھ ساتھ بچوں سے دہرائی کروائیں۔ اب تمام بچوں سے ایک ایک مصرعہ پڑھنے کو کہیں۔
- پڑھنے کے دوران میں بچوں کو ہدایت دیں کہ بچے ہل ہل کر نہ پڑھیں اسی طرح پڑھتے ہوئے سر، یا کتاب کو نہ ہلائیں۔
- ان کا تلفظ اور لہجہ درست ہو۔ نظم کو نثر کی طرح نہ پڑھ رہے ہوں۔ جب تمام اشعار کی پڑھائی مکمل ہو جائے تو انھیں شاباش دیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنالیں۔ ایک گروہ کے بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ پہلے گروہ کے بچوں سے سوال نمبر 8 میں موجود نظم سنیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہ سے بھی کریں۔
- اس کے بعد اسی نظم کی تفہیم کروانے کے لیے سوال نمبر 8 پر موجود پوچھے گئے سوالات مختلف پرچیوں پر لکھ کر پہلے سے تیار کر لیں اور جماعت میں بچوں کی کرسیوں کے نیچے چھپادیں۔
- ہر سوال کی ایک سے زیادہ پرچیاں تیار کریں۔
- بچوں کو جوڑیوں میں تقسیم کریں اور بچوں کو ہدایت دیں کہ اپنی اپنی کرسی کے نیچے سے پرچی نکالیں اور دیکھیں اُن کے حصے میں کون سا سوال آیا ہے؟

- ہر بچہ اپنے ساتھی سے اس سوال کے بارے میں بات چیت کرے اور اس کا جواب سمجھ کر اسی پرچی کے پچھلی جانب لکھ دے۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں 5 منٹ کا وقت دیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔
- ایک کالم میں تمام سوال لکھیں اور دوسرے میں بچوں کی جانب سے آنے والے جوابات لکھیں۔
- تمام بچوں کو جواب بتانے کا موقع دیں اور سب کے جوابات بورڈ پر لکھیں۔
- بعد ازاں بورڈ پر لکھے گئے تمام جوابات کی کانٹ چھانٹ کریں۔
- درست جواب لکھے رہنے دیں اور باقی سب مٹا دیں۔ اب بچوں کو ہر سوال کا جواب اچھی طرح سمجھا دیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ کتاب کے صفحہ نمبر 6 کے سوال نمبر 8 پر موجود سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت:سوم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** واحد جملوں کو جمع جملوں میں تبدیل کرسکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ اسٹیشنری کی ٹوکری،

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم اپنے کام کا آغاز ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے کریں گے۔
- بچوں کو ایک ٹوکری میں کچھ چیزیں دکھائیں۔(ٹافیاں، پنسل، ربڑ، شاپنر، ڈائری، وغیرہ) سب کو اپنی مرضی کی چیزیں اُٹھانے کا موقع دیں۔
- بچوں نے جو جو چیزیں اُٹھائی ہوں ان سے گننے کے لیے کہیں۔
- جن بچوں نے ایک ایک چیز اُٹھائی تھی، انھیں ایک قطار میں کھڑا کردیں۔
- باقی جن بچوں نے ایک سے زیادہ چیزیں اُٹھائی ہوں ان سے سوالات کریں۔
- آپ نے ٹوکری میں سے کتنی چیزیں اٹھائی تھیں؟ بچوں کے بیانات کو تختہ بورڈ پر لکھتے جائیں۔(چیزوں کے نام بھی) جیسے: ایک پنسل یا دو پنسلیں۔
- جن بچوں نے ایک ایک چیز اُٹھائی تھی، ان کے بیانات بھی بورڈ پر لکھیں۔
- اب باری باری بچوں سے پڑھنے کے لیے کہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جو چیز ایک تھی اسے واحد کہتے ہیں، اور جو چیزیں دو یا دو سے زیادہ تھیں انھیں جمع کہتے ہیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

بچوں کو بتائیں کہ آج ہم واحد الفاظ کے جمع بنائیں گے۔

بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 7 پر موجود سوال نمبر 9 کی سرگرمی کروانے کے لیے بورڈ پر سوال میں دیے ہوئے الفاظ لکھیں۔




بچوں کو بتائیں کہ دیے گئے الفاظ میں سے بچی، بیٹی اور بالٹی وغیرہ الفاظ ایک چیز یا شخص کے لیے استعمال کیے گئے۔ جب کہ ان ہی الفاظ میں "اں" کا اضافہ کرنے سے ان الفاظ کی جمع بن گئی۔ جیسے بچیاں، بیٹیاں اور بالٹیاں وغیرہ

- بچوں سے ان واحد اور جمع الفاظ کی بلند خوانی کروائیں۔



- اب لفظ "چھتری" بورڈ پر لکھیں اور کسی بچے کو بلا کر اس سے اس لفظ کی جمع "چھتریاں" بورڈ پر لکھوائیں۔
- ساتھ ساتھ بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی مزید الفاظ پر بھی کروائیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 7 کھلوائیں۔ بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک میں واحد اور دوسرے میں جمع کی سرخی لکھ دیں۔
- واحد والے کالم میں کتاب میں دیے گئے جملے لکھیں۔
- بچوں سے ان جملوں کی پڑھائی کروائیں۔ ان جملوں کی پرچیاں بنالیں اور ایک ٹوکری میں رکھ لیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں کو چار چار جملوں کی پرچیاں تفویض کر دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان جملوں کی پرچیاں کھول کر ان پر لکھے جملے پڑھیں اور بتائیں کہ ان جملوں میں کون سے ایسے الفاظ استعمال ہوئے ہیں جن کے آخر میں حرف "ی" کا استعمال کیا گیا ہے؟
- جب بچے "ی" والے الفاظ تلاش کر لیں تو بچوں کو مزید ہدایت دیں کہ وہ ان الفاظ کی جمع بنائیں اور جملوں میں جمع الفاظ کے لحاظ سے مناسب تبدیلی کر کے جملے دوبارہ ان ہی جملوں کی پچھلی جانب لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں تفویض کردہ جملوں کی پرچیاں چیک کرائیں اور درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 7 کے سوال نمبر 9 پر موجود واحد جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی جمع لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# ورک شیٹ

دیے گئے واحد جملوں کو جمع جملوں میں تبدیل کر کے لکھیں۔

| | |
|---|---|
| ریل گاڑی پٹڑی پر چلتی ہے۔ | |
| بالٹی بھر کر پانی لاؤ۔ | |
| یہ چھتری بہت قیمتی ہے۔ | |
| تالے کی چابی کہاں ہے؟ | |
| یہ لڑکی بہت خوب صورت ہے۔ | |
| درخت پر چڑیا بیٹھی ہے۔ | |
| میں نے خوب صورت مرغی پالی ہے۔ | |
| بلی چوہے کی تاک میں ہے۔ | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت:سوم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** الفاظ کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے بارے میں جملے لکھ سکیں۔


اللہ تعالیٰ ہی ہر چیز کا خالق ہے" کے موضوع پر تقریر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 7 کے سوال نمبر 10 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے سوال میں موجود الفاظ بورڈ پر لکھ کر ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- ساتھ ساتھ بچوں کو ان الفاظ کے جملے بھی بنا کر سنائیں۔
- متفرق بچوں سے بھی ان الفاظ کی مدد سے زبانی جملے بنوا کر سنیں۔
- اس کے بعد جماعت کے بچوں کو الگ الگ کر کے بٹھالیں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ اپنی اپنی کاپی پر ان الفاظ کے جملے بنا کر لکھیں۔
- کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں کہ بچے درست طریقے سے کام کر رہے ہیں کہ نہیں، مقررہ وقت مکمل ہونے کے بعد باری باری کام کو چیک کریں۔
- جن بچوں نے کام میں غلطی کی ہے ان کی بڑے پیار سے اصلاح کریں تا کہ بچوں کی عزت نفس مجروح نہ ہو اور نہ وہ استاد سے بات کرنے سے گھبرائیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 7 پر موجود سوال نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے سے پہلے بچوں سے دی گئی تصویر کے بارے میں سوال کریں۔
- **آپ کو تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟**
- **اس تصویر میں کون کون سے پرندے ہیں؟**
- **آپ کو اس تصویر میں اللہ تعالیٰ کی کون کون سی نعمتیں نظر آرہی ہیں؟**
- فرداً فرداً بچوں سے ان کے جوابات لیں۔
- درست جواب دینے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور شاباش دیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کتاب کے صفحہ نمبر 7 پر موجود سوال نمبر 11 میں موجود سوال کا جواب حاصل کرنے کے لیے سوال کو بورڈ پر لکھیں۔

- ایک سے دو مرتبہ بلند آواز میں سوال پڑھیں اور بچوں سے پوچھیں کہ بتائیں آپ کے ارد گرد اللہ تعالیٰ کی کون کون سی نعمتیں موجود ہیں؟ اور آپ ان سے کیا کیا فائدے حاصل کرتے ہیں؟
- تمام بچوں سے ان سوالات کے جوابات فرداً فرداً حاصل کریں۔ بعد ازاں بچوں سے ان کی کاپیاں نکلوائیں اور بچوں کو الگ الگ بٹھا کر سوال سے متعلق جوابات لکھنے کو کہیں۔
- کام کی نگرانی کریں جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- جب بچے لکھنے کا کام مکمل کر لیں تو بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے گئے جملے باری باری بورڈ پر لکھیں۔
- بچے جب بورڈ پر جملے لکھ لیں تو جملوں کی کانٹ چھانٹ کریں۔ غلط جملے کاٹ دیں اور درست جملے لکھے رہنے دیں۔
- آخر میں لکھے گئے جملوں کی بچوں کو پڑھائی کروائیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس کے بعد چند طلبا سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملے ساری جماعت کے سامنے پڑھ کر سنائیں۔ اس کے بعد ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 7 پر موجود سوال نمبر 12 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں دیا گیا موضوع لکھیں۔
- بچوں کو موضوع سے متعلق ضروری معلومات دیں اور بچوں سے تقاریر تیار کروائیں۔ اس بات کا دھیان رکھیں کہ تقریر کا آغاز، عروج اور اختتام موثر ہونا چاہیے۔
- جماعت میں ایک تقریری مقابلے کا انعقاد کریں اور بچوں کی تیار کی گئی تقاریر جماعت کے سامنے پیش کروائیں۔
- سب سے اچھی تقریر کرنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان الفاظ کے جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

1۔ دیے گئے الفاظ کے جملے لکھیں۔

| الفاظ | جملے |
| --- | --- |
| دانا | |
| حیوان | |
| عقل | |
| راہ | |

2۔ماحول میں موجود اللہ تعالیٰ کی اُن نعمتوں کے بارے میں پانچ جملے لکھیں جن سے آپ فائدہ حاصل کرتے ہیں؟

| |
| --- |
| |
| |
| |
| |
| |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت:سوم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** نعت کو درست لے، آہنگ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں اور بچوں سے ان کی پسند ناپسند کے بارے میں پوچھیں۔
- جیسے آپ کی پسندیدہ کتاب کون سی ہے؟
- کتاب کو پسند کرنے کی وجہ بتائیں؟
- کیا آپ کو نعتیہ کتابیں شوق سے پڑھتے ہیں؟
- ان سولات کے جوابات حاصل کرنے کے بعد بچوں سے ان کی پسندیدہ نعت سنیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کی تعریف بیان کی جائے، اس نظم کو "نعت" کہتے ہیں۔
- بچوں سے صفحہ نمبر 8 کھلوائیں۔ نعت پہلے خود پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران میں ہر مصرعہ درست ترنّم، لے اور آہنگ سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- اب بچوں کے چھے گروہ بنادیں اور ہر گروہ کو نظم کا ایک ایک شعر تفویض کر دیں۔
- اب ہر گروہ کا بچہ باری باری تفویض کردہ شعر پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔
- جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ راہ نمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ انھوں نے اس نعت میں نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کی کون کون سی خوبیوں کے بارے میں پڑھا ہے؟

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) متفرق بچوں سے نعت کے متفرق اشعار سنیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 9۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکری



**تحریکی سرگرمی:**(5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنالیں۔ دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔
- دونوں ٹوکریوں میں جماعت کے دونوں گروہوں کے ناموں کی پرچیاں لکھ کر ڈال دیں۔
- گروہ الف کے ناموں کی پرچیاں گروہ ب کے بچوں کو دے دیں اور گروہ ب کے ناموں کی پرچیاں گروہ الف کو دے دیں۔
- سب سے پہلے گروہ الف کی ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالیں۔
- جس بچے کا نام نکلے اس سے کتاب کے صفحہ نمبر 8 پر موجود "نعت" کے اشعار کی پڑھائی کروائیں۔
- اگر بچہ اشعار درست تلفظ لے اور آہنگ سے نہیں پڑھے گا تو باری دوسرے گروہ کے بچوں کو دے دی جائے گی۔
- اس کے بعد گروہ ب کے ناموں کی پرچیوں میں سے ایک پرچی نکالیں اور ان بچوں سے بھی ویسے ہی نعت کے اشعار کی پڑھائی کروائیں۔
- دونوں گروہوں میں سے جن کے زیادہ بچے اشعار پڑھتے ہوئے درست لب ولہجہ اختیار کریں وہ گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 9 پر موجود تمام الفاظ لکھ دیں اور جماعت کے تمام بچوں کو چار سے پانچ مرتبہ بلند خوانی کروائیں۔

الفاظ کے معانی بھی بچوں کو تفصیل سے سمجھا دیں پھر مختلف پرچیوں پر لکھ کر پرچیاں تیار کر لیں۔

ہر لفظ کی دو پرچیاں تیار کریں۔ جماعت کو دو حصوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔

ان سے کہیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور ان الفاظ کے معانی سمجھنے کی کوشش کریں۔

اس سرگرمی کے لیے انھیں پانچ منٹ کا وقت دیں۔

بچوں کے بات چیت کرنے کے دوران میں بورڈ پر دو کالم بنالیں۔

ایک کالم میں صفحہ 9 کے تمام الفاظ لکھ لیں اور دوسرے کالم میں بچوں کی جانب سے آنے والے جوابات لکھیں۔

دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔

اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اُس جواب کو بورڈ پر لکھ دیں۔

| |
|---|
| جوابات بورڈ پر لکھنے کے بعد کانٹ چھانٹ شروع کریں۔<br>درست معانی لکھے رہنے دیں جبکہ غلط معانی مٹادیں۔<br>بچوں کو لفظ کا مطلب سمجھائیں اور پھر درست جواب بورڈ پر لکھ دیں۔ |
| **اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ ورک شیٹ بھی مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

### ا۔ درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| فدا | | حقیقت | |
| بے کس | | یتیم | |
| رہا ہونا | | مدعا | |
| بے نوا | | آرزو | |